روزنامہ
ٹیلی فون نمبر: 213029
C.P.L 29
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

بدھ 2 مارچ 2005ء 20 محرم 1426 ہجری 2 امان 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 47

نیک عورت کا وجود

حضرت عبداللہ بن عمروؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: دنیا تو چندروز کا سامان ہے۔ اور دنیا کے سامانوں میں سے سب سے بہتر چیز نیک عورت کا وجود ہے۔

(صحیح مسلم کتاب الرضاع باب خیر متاع الدنیا۔ نمبر:2668)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

عورتوں کے حقوق کی جیسی حفاظت (۔) کی ہے ویسی کسی دوسرے مذہب نے قطعاً نہیں کی۔ مختصر الفاظ میں فرما دیا ہے۔(۔) کہ جیسے مردوں کے عورتوں پر حقوق ہیں ویسے ہی عورتوں کے مردوں پر ہیں۔ بعض لوگوں کا حال سنا جاتا ہے کہ ان بیچاریوں کو پاؤں کی جوتی کی طرح جانتے ہیں اور ذلیل ترین خدمات ان سے لیتے ہیں۔ گالیاں دیتے ہیں۔ حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں اور پردہ کے حکم ایسے ناجائز طریق سے برتتے ہیں کہ ان کو زندہ درگور کر دیتے ہیں چاہئے کہ بیویوں سے خاوند کا ایسا تعلق ہو جیسے دو سچے اور حقیقی دوستوں کو ہوتا ہے۔ انسان کے اخلاق فاضلہ اور خدا تعالیٰ سے تعلق کی پہلی گواہ تو یہی عورتیں ہوتی ہیں۔ اگر انہی سے اس کے تعلقات اچھے نہیں ہیں تو پھر کس طرح ممکن ہے کہ خدا تعالیٰ سے صلح ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے (۔) تم میں سے اچھا وہ ہے جو اپنے اہل کے لئے اچھا ہے۔

(ملفوظات جلد سوم ص 300)

جس نے عورت کو صالح بنانا ہو وہ خود صالح بنے۔ ہماری جماعت کے لئے ضروری ہے کہ اپنی پرہیزگاری کے لئے عورتوں کو پرہیزگاری سکھاویں ورنہ وہ گنہگار رہوں گے۔ اور جبکہ اس کی عورت سامنے ہو کر بتلا سکتی ہے کہ تجھ میں فلاں فلاں عیب ہیں تو پھر عورت خدا سے کیا ڈرے گی۔ جب تقویٰ نہ ہو تو ایسی حالت میں اولاد بھی پلید پیدا ہوتی ہے اولاد کا طیب ہونا تو طیبات کا سلسلہ چاہتا ہے۔ اگر یہ نہ ہو تو پھر اولاد خراب ہوتی ہے اس لئے چاہئے کہ سب توبہ کریں اور عورتوں کو اپنا اچھا نمونہ دکھلاویں۔ عورت خاوند کی جاسوس ہوتی ہے۔ وہ اپنی بدیاں اس سے پوشیدہ نہیں رکھ سکتا۔ نیز عورتیں چھپی ہوئی دانا ہوتی ہیں۔ یہ نہ خیال کرنا چاہئے کہ وہ احمق ہیں۔ وہ اندر ہی اندر تمہارے سب اثروں کو حاصل کرتی ہیں۔ جب خاوند سیدھے راستہ پر ہوگا تو وہ اس سے بھی ڈرے گی اور خدا سے بھی ....سب انبیاء اولیاء کی عورتیں نیک تھیں۔ اس لئے کہ ان پر نیک اثر پڑتے تھے۔ جب مرد بدکار اور فاسق ہوتے ہیں تو ان کی عورتیں بھی ویسی ہی ہوتی ہیں۔ ایک چور کی بیوی کو یہ خیال کب ہو سکتا ہے کہ میں تہجد پڑھوں۔ خاوند تو چوری کرنے جاتا ہے تو کیا وہ پیچھے تہجد پڑھتی ہے؟ (۔) عورتیں خاوندوں سے متاثر ہوتی ہیں۔ جس حد تک خاوند صلاحیت اور تقویٰ بڑھاوے گا کچھ حصہ اس سے عورتیں ضرور لیں گی۔ ویسے ہی اگر وہ بدمعاش ہوگا تو بدمعاشی سے وہ حصہ لیں گی۔

(ملفوظات جلد سوم ص 163)

درخواست دعا

☆ مختلف مقدمات میں ملوث افراد جماعت کی باعزت بریت کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان احباب کی قربانی قبول فرمائے اور ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے۔ آمین

AACP کا آٹھواں سالانہ کنونشن

ایسوسی ایشن آف احمدی کمپیوٹر پروفیشنلز (AACP) اپنا آٹھواں سالانہ کنونشن انشاءاللہ 5 تا 6 مارچ 2005ء کو ایوان محمود ربوہ میں منعقد کر رہی ہے۔ کنونشن میں کمپیوٹر فیلڈ کے ماہرین کی بڑی تعداد شرکت کرے گی۔ نیز کمپیوٹر فیلڈ سے متعلقہ مختلف علمی و تحقیقی موضوعات پر لیکچرز، نمائش اور ماہرین کے ساتھ سوال و جواب کے پروگرام ہونگے۔ کمپیوٹر فیلڈ سے تعلق رکھنے والے احباب وخواتین AACP کی ممبر شپ اور کنونشن میں شمولیت کے تفصیلی پروگرام کیلئے ایسوسی ایشن آف احمدی کمپیوٹر پروفیشنلز کے مقامی مجلس کے عہدیداران سے درج ذیل نمبرز پر فوری رابطہ کریں۔

☆ صدر لاہور مجلس: 0300-8484399
☆ صدر کراچی مجلس: 0300-8248392
☆ صدر ربوہ مجلس بشمول فیصل آباد، جھنگ، سرگودھا: 047-6214914
☆ صدر اسلام آباد مجلس: 0333-5217889
☆ صدر راولپنڈی مجلس: 0333-5104259
☆ صدر واہ کینٹ مجلس: 0333-5158233

جہاں مقامی مجلس نہ ہو خواتین وحضرات ممبر شپ اور معلومات کیلئے جنرل سیکرٹری سنٹرل سے درج ذیل پتہ پر رابطہ فرمائیں۔ 21/21 دارالرحمت شرقی الف ربوہ۔ ای میل gs@aacp.info
فون: 04524-213694

(چیئرمین AACP)

ماہر امراض جلد کی آمد

مکرم ڈاکٹر عبدالرفیق سمیع صاحب ماہر امراض جلد مورخہ 6 مارچ 2005ء کو ہسپتال میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔ ضرورت منداحباب پرچی روم سے رابطہ کر کے اپنی پرچی بنوالیں۔ مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رابطہ فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

بحر عرفان۔ روحانی زندگی کے راز

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کے خطبات 2004ء کے موضوعات

مرتبہ: محمد محمود طاہر صاحب

عجز وانکسار

خطبہ جمعہ	2 جنوری	2004ء
خلاصہ الفضل	6 جنوری	2004ء

حضور انور نے اپنے خطبہ میں عاجزی انکساری اور فروتنی کے خلق اختیار کرنے کی طرف احباب کو توجہ دلائی اور اس مضمون کی تفصیل میں فرمایا کہ اگر یہ خلق اختیار کرلیا جائے تو اختلاف عقیدہ کے باوجود لوگ آپ کے گرویدہ ہوجائیں۔ خطبہ کے آخر پر حضور انور نے احباب جماعت کو نئے سال کی مبارکباد پیش کی۔

انفاق فی سبیل اللہ اور وقف جدید کے نئے سال کا اعلان

خطبہ جمعہ	9 جنوری	2004ء
مطبوعہ الفضل	5 مئی	2004ء

حضور نے مالی قربانی کی اہمیت کے مضمون کو بیان کرنے کے ساتھ وقف جدید کے 47 ویں سال کا اعلان فرمایا اور وقف جدید کے اعدادوشمار بیان فرمائے۔

حضور انور نے ایم ٹی اے کے دس سال پورے ہونے پر کارکنان ایم ٹی اے کا تذکرہ فرمایا نیز بنگلہ دیش میں احمدیوں پر گزرنے والے مشکل حالات کا تذکرہ کرتے ہوئے ان کے لئے دعا کی تحریک کی۔

خدمت والدین

خطبہ جمعہ	16 جنوری	2004ء
مطبوعہ الفضل	8 جون	2004ء

حضور انور نے دینی تعلیمات کی روشنی میں والدین کی خدمت، ان کے ساتھ حسن سلوک کرنے کی اہمیت اور برکات بیان فرمائیں۔ والدین کی عزت، خدمت، حسن سلوک، ان کے لئے دعا کرنے، ان سے نرمی سے پیش آنے کے نتیجہ میں جنت کے وارث بن سکتے ہیں۔ خطبہ کے آخر پر حضور انور نے بتایا کہ آج بنگلہ دیش میں نامساعد حالات میں بھی جلسہ سالانہ ہو رہا ہے۔

حقوق العباد اور مرحومین کا تذکرہ

خطبہ جمعہ	23 جنوری	2004ء
مطبوعہ الفضل	19 نومبر	2004ء

حضور انور نے حقوق العباد کی ادائیگی کے حوالہ سے اس کے مختلف پہلوؤں کا تذکرہ فرمایا۔ جن میں قریبی رشتہ داروں سے حسن سلوک، یتیموں کی دیکھ بھال، ہمسایوں سے حسن سلوک بھی شامل ہیں۔ خطبہ کے آخر پر حضور نے حال ہی میں وفات پاجانے والے بعض بزرگان کا ذکر خیر فرمایا۔

پردے کی اہمیت، انٹرنیٹ کا غلط استعمال اور دیگر تربیتی مسائل

خطبہ جمعہ	30 جنوری	2004ء
الفضل انٹرنیشنل	9/اپریل	2004ء

حضور انور نے پردہ کی ضرورت و اہمیت پر روشنی ڈالی اور والدین کو اس سلسلہ میں ذمہ داری ادا کرنے کی تلقین فرمائی۔ اسی حوالہ سے فرمایا فنکشنز پر عورتوں کی طرف عورتیں کام کریں۔ انٹرنیٹ کے غلط استعمال سے بچنے، غلط رابطوں سے اجتناب، ملازماؤں کے انتخاب میں احتیاط، شادیوں پر ناچ گانے سے اجتناب کے بارہ میں بھی توجہ دلائی۔

عید پر قربانی کا فلسفہ

خطبہ عید الاضحیٰ	2 فروری	2004ء
خلاصہ الفضل	7 فروری	2004ء

عید الاضحیٰ کے موقع پر خطبہ عید میں حضور انور ایدہ اللہ نے اللہ تعالیٰ کی خاطر قربانی اور اس کے اعلیٰ معیار قائم کرنے پر روشنی ڈالی۔ فرمایا کہ اعلیٰ چیز کے لئے ادنیٰ کی قربانی دی جاتی ہے اس لئے خالق کائنات کے لئے قربانی کی خاطر ہر وقت تیار رہنا چاہئے۔ آخر پر حضور انور نے تمام جماعت کو عید مبارک کا تحفہ پیش فرمایا اور پھر اجتماعی دعا کروائی۔

حقوق کی ادائیگی، خیانت سے بچاؤ

خطبہ جمعہ	6 فروری	2004ء
مطبوعہ الفضل	26 مئی	2004ء

دینی تعلیمات کی روشنی میں حقوق اللہ، حقوق العباد کی ادائیگی، خیانت سے بچنے اور امانتوں کی ادائیگی کی طرف توجہ دلائی۔ احمدیوں کو معاشرتی برائیوں سے اپنے آپ کو بچانا ہے اور خیانت کی تمام شکلوں سے اجتناب کرنا ہے۔ حضور انور نے جماعتی نظام اطاعت کی اور عہدوں کو نیک نیتی سے بجالانے کی طرف بھی توجہ دلائی۔

صبر کے مضمون کی تشریح

خطبہ جمعہ	13 فروری	2004ء
مطبوعہ الفضل	20/اپریل	2004ء

حضور انور نے صبر کے مضمون کی تفصیلات بتائیں۔ اس مضمون کے ساتھ یہ بھی فرمایا کہ مانگنے کی عادت کبھی پیدا نہ کریں جیسے بھی حالات ہوں صبر اور شکر کے ساتھ وقت گزارا جائے۔ عیب دیکھ کر بھی پھیلانا نہیں چاہئے بلکہ صبر اور نصیحت سے کام لیا جائے اس طرح ابتلاء کی صورت میں صبر، نصیحت اور دعا سے کام لینا چاہئے۔ ابتلاؤں کے وقت قربانیاں دینے کا ذکر بھی فرمایا۔ بنگلہ دیش کے احمدی صبر سے کام لے رہے ہیں۔ صبر دلوں کو فتح کرتا ہے۔

عفو و درگزر

خطبہ جمعہ	20 فروری	2004ء
مطبوعہ الفضل	27/اپریل	2004ء

فرمایا معاشرے میں برداشت اور معاف کرنے کا خلق کم ہوگیا ہے۔ ان حالات میں احمدیوں کا فرض ہے کہ وہ خود کو اور اپنی نسلوں کو اس معاشرتی بگاڑ سے بچائیں۔ اللہ کی خاطر معاف کرنے سے عزت پہلے سے بڑھ جاتی ہے۔ برداشت کا مادہ پیدا ہونے سے لڑائی جھگڑے اور معاشرے کے دیگر مسائل حل ہو جائیں گے۔

عہد پورا کرنے کی تلقین

خطبہ جمعہ	27 فروری	2004ء
مطبوعہ الفضل	11 مئی	2004ء

حضور انور نے عہدوں کو پورا کرنے اور بدعہدی سے بچنے کی تلقین فرمائی۔ جو شخص عہد پورا نہیں کرتا اس کا کوئی دین نہیں۔ عہد پورا نہ کرنے سے جھگڑے اور خاندانی لڑائیاں جنم لیتی ہیں۔ احمدیوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ معاہدوں کی پاسداری کرنے اور کرانے والے ہوں۔

عدل وانصاف کے تقاضے

خطبہ جمعہ	5 مارچ	2004ء
مطبوعہ الفضل	15 جون	2004ء

عدل وانصاف کے جملہ تقاضے پورے کرنے اور اس کو پھیلانے کی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرمایا کہ اس حسین دینی تعلیم کو ہم نے اپنے اوپر لاگو کرنا ہے۔ اگر گھر کی سطح پر، محلّہ کی سطح پر اور اپنے ماحول میں عدل کے نظام کو ہم نے قائم نہ کیا تو دوسروں کی راہنمائی کے ہمارے دعوے کھوکھلے ہوں گے۔ قرض ادا نہ کرنا بھی عدل کے خلاف ہے۔ عہدے داروں کو بھی تقویٰ کے مطابق غور کرکے عدل و انصاف سے فیصلے کرنے چاہئیں۔ دنیا بھر میں امن، صلح اور عدل کی فضا ہم نے قائم کرنی ہے۔

شوریٰ کا پرمعارف مضمون

خطبہ جمعہ	12 مارچ	2004ء
مطبوعہ الفضل	22 جون	2004ء

مجلس شوریٰ کے نمائندگان اور احباب جماعت کو اس مضمون کی اہمیت اور ہدایات سے نوازا۔ مجلس شوریٰ کا ادارہ نظام خلافت کے بعد دوسرا اہم اور مقدس ادارہ ہے۔ حضور نے ممبران کو ہدایات سے نوازا۔

خطبہ کے اختتام سے قبل حضور نے اپنے آئندہ دورہ افریقہ کا ذکر فرمایا اور دعا کی تحریک فرمائی کہ بعض ایسے ممالک بھی ہیں جہاں خلیفہ وقت کا پہلی دفعہ دورہ ہوگا۔

احسان کے مضمون کی تشریح

خطبہ جمعہ	19 مارچ	2004ء
مطبوعہ الفضل	29 جون	2004ء

حضور انور نے ’’بستان احمد‘‘ اکرا غانا میں جمعہ پڑھایا اور احسان کے مضمون کی پرمعارف تشریح فرمائی۔ احسان عدل سے اگلا قدم ہے۔ احسان کے لئے تقویٰ کی اعلیٰ سے اعلیٰ منازل طے کرنے کی ضرورت ہے۔ اللہ کی راہ میں خرچ، قرابت داروں سے حسن سلوک، خدا کو دیکھنے کا تصور لے کر نماز پڑھنا۔ یتیموں، عورتوں، والدین سے حسن سلوک یہ

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

احسان کے دائرہ میں آتے ہیں۔ حضور انور نے حکومت غانا خصوصاً صدر مملکت کا شکریہ ادا کیا۔ جزاك الله خیراً کی دعا دی۔

تقویٰ کی اہمیت اور برکات

خطبہ جمعہ	26 مارچ	2004ء
مطبوعہ الفضل	29 جون	2004ء

حضور انور نے بورکینا فاسو میں خطبہ ارشاد فرمایا اور اپنے خطبہ میں تقویٰ کی اہمیت اور برکات بیان فرمائیں کہ اگر تقویٰ نہ ہو تو دنیا میں فساد پیدا ہو جائے۔ اصل تقویٰ یہ ہے کہ اپنے آپ کو ہر اس چیز سے بچانا جو گناہ کی طرف لے جائے اور نیکی کرنے کے لئے تمام صلاحیتوں کو استعمال کرنا۔ حصول تقویٰ کے لئے دعا کرنی چاہئے۔

عبادت کی اہمیت

خطبہ جمعہ	2/ اپریل	2004ء
مطبوعہ الفضل	6 جولائی	2004ء

بورکینا فاسو میں ارشاد فرمودہ اس خطبہ میں حضور انور نے انسانی پیدائش کے مقصد عبادت کی اہمیت اور ضرورت بیان فرمائی۔ نماز باجماعت کی طرف احمدیوں کو متوجہ کرتے ہوئے فرمایا کہ آپ کا فرض ہے کہ بیوت الذکر کو آباد کریں نہ صرف خود عبادت کریں بلکہ اپنے بچوں کو بھی نماز پڑھنے کا عادی بنا دیں۔ حضور نے بورکینا فاسو کے احمدیہ ریڈیو اسٹیشن اور اس کی نشریات کا بھی تذکرہ فرمایا۔

بیعت کے بعد روحانی تبدیلی

خطبہ جمعہ	9/ اپریل	2004ء
مطبوعہ الفضل	6 جولائی	2004ء

حضور انور نے یہ خطبہ بینن میں ارشاد فرمایا اور اس میں بیعت کے حقیقی منشا کو سمجھنے اور اپنے اندر پاک تبدیلیاں پیدا کرنے کی طرف توجہ دلائی۔ قبول احمدیت کے بعد اپنے نمونہ کو حقیقی دینی نمونہ بنائیں۔ عبادات بجالائیں۔ قرآن کریم پڑھیں پڑھائیں اور اس کی عزت کریں۔ تمہارے اعمال تمہارے احمدی ہونے کا ثبوت دیں۔ جو بیت الذکر آپ نے بنائی ہے اس کو نمازیوں سے بھر دیں۔

دورہ افریقہ کا تذکرہ

خطبہ جمعہ	16/ اپریل	2004ء
مطبوعہ الفضل	13 جولائی، 28 دسمبر	2004ء

دورہ افریقہ سے واپسی پر بیت الفضل لندن میں حضور انور نے اپنے دورہ کے روح پرور حالات کا تذکرہ فرمایا۔ حضور نے غانا، بورکینا فاسو، بینن اور نائیجیریا کے دورہ کے دوران نازل ہونے والے ایمان افروز واقعات بیان فرمائے اور تائید و نصرت کے نظاروں کا تذکرہ فرمایا۔ اس دورہ میں 21 بیوت الذکر کا افتتاح اور بعض کا سنگ بنیاد رکھا۔ اسی طرح سکولوں، ہسپتالوں اور دوسری عمارتوں کا افتتاح وسنگ بنیاد بھی رکھا۔

MTA کے فضلوں کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ 22/ اپریل 2004ء سے MTA شام چار بجے سے شام سات بجے تک ایک نیا چینل شروع کر رہا ہے۔

پاکیزگی، ماحول کی صفائی اور اہالیان ربوہ کے فرائض

خطبہ جمعہ	23/ اپریل	2004ء
مطبوعہ الفضل	20 جولائی	2004ء

پاکیزگی اختیار کرنے اور اپنے ماحول میں صفائی کے اعلیٰ معیار قائم کرنے کی طرف توجہ دلائی۔ نیز یہ کہ ظاہری صفائی کے ساتھ ساتھ باطنی صفائی کا بھی اہتمام کریں۔

حضور انور نے اہل ربوہ کو خاص طور پر صفائی کی طرف توجہ دلائی کہ اس کو سرسبز اور صاف شہر بنا دیں اور ربوہ کی سجاوٹ مستقل رہنی چاہئے۔ ہر گھر کے سامنے صفائی کا اعلیٰ معیار نظر آنا چاہئے۔ اسی طرح دنیا بھر میں جماعتی عمارات کے اردگرد ماحول کی صفائی اور سبزہ لگانے کی طرف بھی حضور انور نے توجہ دلائی۔

قناعت اور سادگی کا مضمون

خطبہ جمعہ	30/ اپریل	2004ء
مطبوعہ الفضل	27 جولائی	2004ء

حضور انور نے قناعت اور سادگی اختیار کرنے کی اہمیت بیان فرمائی کہ قناعت ایک نہ ختم ہونے والا خزانہ ہے۔ احمدیوں کا فرض ہے کہ وہ قناعت اور سادگی کو اپنائیں۔ اگر یہ پیدا ہو جائیں تو ہم بہت سی برائیوں سے بچ سکتے ہیں۔ دنیا کی چیزوں اور سہولیات سے فائدہ اٹھانا گناہ نہیں لیکن ان کو حاصل کرنے کے لئے غلط راستے اپنانا، دوسروں سے حسد کرنا گناہ ہے۔

حریص کی حرص کبھی پوری نہیں ہوتی اور حرص جہنم کی طرف لے جاتی ہے۔

حضور انور نے مریم شادی فنڈ کے حوالہ سے فرمایا کہ جماعت اپنے وسائل کے مطابق احمدی بچیوں کا خیال رکھتی ہے مگر ان کے والدین کو بھی قناعت اور شکر گزاری کرنی چاہئے۔

دنیا کی بے ثباتی اور آخرت

خطبہ جمعہ	7 مئی	2004ء
مطبوعہ الفضل	3/ اگست	2004ء

دنیا چند روزہ ہے۔ اس سے دل لگانا بڑا دھوکہ ہے اس لئے آخرت کی فکر کرنی چاہئے۔ مال اور اولاد دنیا کی زینت ہیں۔ باقی رہنے والی چیز نیک اعمال ہیں۔ دنیا سے بے رغبتی سے قناعت کے ساتھ زہد بھی حاصل ہوگا۔ ہر معاملے میں دین کو دنیا پر مقدم کریں۔ دنیا مقصود بالذات نہ ہو۔ اصل مقصود دین ہو تو پھر دنیا کے کام بھی دین ہی کے ہوں گے۔

توبہ، استغفار اور مغفرت

خطبہ جمعہ	14 مئی	2004ء
مطبوعہ الفضل	10/ اگست	2004ء

اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والوں اور پاکیزگی اختیار کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ انسانی فطرت غلطیوں کی طرف جلد راغب ہو جاتی ہے۔ اس کے لئے بہت توبہ اور استغفار کرنے کی ضرورت ہے۔ قرآن کریم میں بیسیوں جگہ مغفرت کے مضمون کا مختلف پیرایوں میں ذکر ہے۔ حضور انور نے آخر پر اپنے آئندہ دورہ جرمنی و ہالینڈ کے سفر کی کامیابی کے لئے دعا کی تحریک فرمائی۔

خلافت کی اہمیت اور بلند مقام

خطبہ جمعہ	21 مئی	2004ء
مطبوعہ الفضل	17/ اگست	2004ء

حضور انور نے یہ خطبہ جرمنی میں ارشاد فرمایا اور خلافت کی اہمیت، برکات اور اس کے بلند مقام کو بیان فرمایا کہ خلیفہ خدا بناتا ہے۔ اللہ نے خلافت کا وعدہ کیا لیکن ساتھ شرائط عائد کر دیں۔ حضرت مسیح موعود کے بعد اللہ نے نظام خلافت قائم کیا اور جماعت کو تمکنت بخشی۔ خلافت خامسہ کے انتخاب کے نظارے دیکھ کر غیروں نے بھی اقرار کیا کہ خدا کی فعلی شہادت جماعت کے ساتھ ہے۔ افریقہ کے دورے میں جو محبت کے نظارے دیکھنے میں آئے یہ سب خلافت کی برکات ہیں۔ ہمیشہ اس کڑے کو مضبوطی سے پکڑے رکھیں پھر کوئی آپ کا بال بیکا نہیں کر سکتا۔

انفاق فی سبیل اللہ کی اہمیت و برکات

خطبہ جمعہ	28 مئی	2004ء
مطبوعہ الفضل	24/ اگست	2004ء

انفاق فی سبیل اللہ کی اہمیت و برکات پر مبنی یہ خطبہ گروس گراؤ جرمنی میں ارشاد فرمایا۔ حضور انور نے چندہ جات کی ادائیگی کی طرف توجہ دلائی۔ خصوصیت سے موصی صاحبان اپنے حسابات صاف رکھیں اور شرح کے مطابق چندہ کی ادائیگی کریں۔ حضور نے فرمایا کہ طوعی چندوں کا لازمی چندوں پر اثر نہیں پڑنا چاہئے۔ حضور نے فرمایا کہ میں نے اجتماع خدام میں 100 بیوت الذکر کے چندہ کی تحریک کی تو اگلے ہی روز ایک ملین یورو کے وعدے آ گئے۔ حضور نے زکوٰۃ کی ادائیگی کی طرف بھی توجہ دلائی۔ خاص طور پر خواتین کو زکوٰۃ کے بارہ میں توجہ دلائی۔

دعوت الی اللہ کی اہمیت، فرضیت اور برکات

خطبہ جمعہ	4 جون	2004ء
مطبوعہ الفضل	31/ اگست	2004ء

نن سپیٹ ہالینڈ میں یہ خطبہ ارشاد فرمایا۔ جس کے ذریعہ 24 ویں جلسہ سالانہ ہالینڈ کا افتتاح بھی فرمایا اور احباب جماعت کو دعوت الی اللہ کی اہمیت اور فرضیت کے بارہ میں آگاہ فرمایا۔ ہر احمدی کا فرض ہے کہ اس نے سال میں کم از کم ایک یا دو دفعہ ایک سے دو ہفتے تک اس کام کے لئے وقف کرنا ہے۔ یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ جس قیمتی خزانہ کو ہم نے حاصل کیا ہے اسے دوسروں تک بھی پہنچائیں۔

صحبت صادقین کی اہمیت اور برکات

خطبہ جمعہ	11 جون	2004ء
مطبوعہ الفضل	7 ستمبر	2004ء

قرآن کا حکم ہے کہ صادقوں کے ساتھ رہو اور خود بھی صادق بنو۔ صحبت صالحین کا ایک طریق یہ بھی ہے کہ امام وقت کے ساتھ جڑے رہنے والے اور اس کی تعلیمات سے فیضیاب ہونے والے ہوں۔ اس لئے ایک طریق یہ ہے کہ حضرت مسیح موعود کی کتب کا مطالعہ کیا جائے۔ ایم ٹی اے سے بھی فائدہ اٹھانا چاہئے۔ ایسے ریسٹورنٹ جن میں شراب اور سؤر فروخت یا استعمال ہوتا ہے وہاں ملازمتیں نہیں کرنی چاہئیں۔ سچے دل کے ساتھ امام وقت کی قدر کریں اور صادق کے ساتھ جڑ کر اپنے آپ کو صادق ہونے کے قابل بنائیں۔

حصول علم کی فرضیت اور اہمیت

خطبہ جمعہ	18 جون	2004ء
الفضل انٹرنیشنل	2 جولائی	2004ء

حصول علم فرض قرار دیا گیا ہے۔ احمدیوں کی ذمہ داری ہے کہ علم کے حصول کے لئے زیادہ محنت اور کوشش کریں کیونکہ اس زمانہ میں حضرت مسیح موعود کو علوم و معارف دیئے گئے اور آپ کے ماننے والوں کے لئے بھی علم و معرفت اور دلائل عطا کئے جانے کا وعدہ ہے۔

حضور انور نے واقفین بچوں خصوصاً لڑکیوں کو توجہ دلائی کہ جن میں زبانیں سیکھنے کی صلاحیت ہے وہ غیر زبانوں پر تراجم کے لئے عبور حاصل کریں۔ حضور نے ہر ملک کے شعبہ واقفین نو اور والدین کو بچوں کی راہنمائی کے بارہ میں زریں ہدایات سے نوازا اور شعبہ کے کام میں محنت اور توجہ کی ضرورت بیان فرمائی۔

آداب سفر

خطبہ جمعہ	25 جون	2004ء
مطبوعہ الفضل	25 جنوری	2005ء

مسی ساگا کینیڈا سے آداب سفر پر خطبہ ارشاد فرماتے ہوئے بیان فرمایا کہ سفر خواہ دنیاوی غرض کے لئے ہو یا دینی غرض کے لئے مومن کو ہمیشہ تقویٰ کو مدنظر رکھنا چاہئے۔ تقویٰ میں ترقی کرتے رہیں۔ جب دینی اجتماع جلسہ کے لئے آئیں تو خالصةً اللہ کی خاطر سفر ہو اور تقویٰ مدنظر رہے۔ لڑائی جھگڑے سے بچیں۔ مہمان اور میزبان ایک دوسرے کا خیال کریں۔ دعا کے ساتھ سفر شروع کریں۔ رات کو سفر سے پرہیز کریں۔ دعوت الی اللہ کے مواقع سفروں میں پیدا کریں۔ خطبہ کے آخر پر آپ نے حضرت صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب کا ذکر خیر فرمایا۔

اہل وعیال سے حسن معاشرت

خطبہ جمعہ	2 جولائی	2004ء
مطبوعہ الفضل	21 ستمبر	2004ء

ٹورانٹو کینیڈا سے خطبہ جمعہ ارشاد فرماتے ہوئے میاں بیوی اور بچوں کے ساتھ حسن معاشرت کے بارہ میں خطبہ ارشاد فرمایا۔ مرد کو گھر کا سربراہ بنایا گیا ہے۔ اس لئے اس کے فرائض وذمہ داریاں زیادہ ہیں کہ وہ اپنے بیوی اور بچوں کو نیکی وتقویٰ پر قائم رکھے۔ بیوی کے ساتھ عمدہ سلوک کرے۔

خطبہ کے آخر پر فرمایا کہ آج سے جلسہ کینیڈا شروع ہو رہا ہے۔ ان دنوں دعاؤں اور درود شریف پر زور دیں اور محبت و بھائی چارے کی مثالیں قائم کریں۔

حلال کمائی کی اہمیت اور سفر کینیڈا

خطبہ جمعہ	9 جولائی	2004ء
مطبوعہ الفضل	14 ستمبر	2004ء

ایسی جگہوں سے کھانے سے احتیاط کریں جہاں سؤر کا گوشت استعمال ہوتا ہے۔ ایسا کاروبار بھی چھوڑ دیں جہاں سؤر کے گوشت کا استعمال ہے۔ ایسے ریسٹورنٹ کے کاروبار کو ترک کر دیں۔

کینیڈا کے سفر کا ایمان افروز تذکرہ فرمایا جہاں اللہ کی تائید ونصرت کے نظارے دیکھنے کو ملے۔ حضور انور نے کینیڈا کے احمدیہ پیس ولیج، بیت الذکر، ابوڈ آف پیس اور جلسہ سالانہ کے اعداد وشمار کا تذکرہ بھی کیا۔

مجالس کے حقوق

خطبہ جمعہ	16 جولائی	2004ء
مطبوعہ الفضل	یکم فروری	2005ء

مجالس کے حقوق اور آداب پر پرمعارف خطاب فرمایا۔ مجالس دینی ہوں یا دنیاوی ہمیشہ اللہ کا تقویٰ اور اس کی رضا مدنظر ہو اور نیک لوگوں کی محفلوں میں بیٹھنا چاہئے۔ مشورے کی مجالس میں اکٹھے ہوں تو مشورے کی حفاظت اور نظام کی درستی کا خیال ہو۔ مجالس میں طنزیہ باتیں نہ کریں اور ظاہری وباطنی صفائی کا خیال رکھیں۔

جلسہ سالانہ اور مہمان نوازی

خطبہ جمعہ	23 جولائی	2004ء
مطبوعہ الفضل	9 فروری	2005ء

جلسہ سالانہ برطانیہ جو شروع ہونے والا ہے اس کے انتظامات، اس کی مرکزی اہمیت کے پیش نظر مہمان نوازی کے بارہ میں نصائح فرمائیں۔ مہمان نوازی جلسہ سالانہ کے انتظامات میں اہم شعبہ ہے اس لئے پوری توجہ اور انشراح کے ساتھ خدمت کریں اور مہمان نوازی کے اعلیٰ خلق کو اختیار کریں۔ مہمان کی عزت و احترام کریں۔ برطانیہ کے جلسہ کی اہمیت یہ ہے کہ یہاں خلیفہ وقت کی موجودگی سے اسے مرکزی حیثیت حاصل ہو جاتی ہے۔ حضرت خلیفة المسیح الرابع کی راہنمائی سے انتظامات میں بہت بہتری آچکی ہے۔

جلسہ سالانہ کی اہمیت وبرکات

خطبہ جمعہ	30 جولائی	2004ء
مطبوعہ الفضل	16 فروری	2005ء

جلسہ سالانہ برطانیہ کے آغاز پر خطبہ جمعہ میں جلسہ سالانہ کی اہمیت، برکات اور مقاصد کو بیان فرمایا۔ اعلیٰ اخلاق کا مظاہرہ کرتے ہوئے، روحانی ماحول میں جلسہ کا دن گزاریں اور تقاریر کو غور سے سنیں اور پاک تبدیلی پیدا کر کے واپس جائیں۔ انتظامیہ سے تعاون کریں۔ ذکر الٰہی اور درود شریف بکثرت پڑھیں۔

شکرگزاری اور نظام وصیت میں شمولیت کی تحریک

خطبہ جمعہ	6/اگست	2004ء
مطبوعہ الفضل	28 ستمبر	2004ء

جلسہ سالانہ برطانیہ کے کامیاب انعقاد پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہئے۔ جلسہ کی انتظامیہ بھی شکریہ کی مستحق ہے۔ مہمانوں کو بھی میزبانوں کا شکر ادا کرنا چاہئے اور ان کے لئے دعا کریں۔

نظام وصیت میں شامل ہونے کی جو تحریک جلسہ برطانیہ کی اختتامی تقریر میں کی تھی اس پر جماعتی طور پر اور انفرادی سطح پر شمولیت کے وعدے آ رہے ہیں۔ نظام خلافت کا نظام وصیت سے گہرا تعلق ہے۔ نظام وصیت میں شامل ہو کر شکرانے کا عملی اظہار کریں۔

قرض اور لین دین

خطبہ جمعہ	13/اگست	2004ء
مطبوعہ الفضل	5/اکتوبر	2004ء

قرض اور لین دین کے معاملات میں پیدا ہونے والے معاشرتی مسائل اور لڑائی جھگڑوں سے بچنے کا طریق یہ ہے کہ دینی حکم کے مطابق قرض اور لین دین کی میعاد اور معاہدہ کی تفصیل لکھ لی جائے۔ اللہ کے حکم کے مطابق احمدی لین دین کے معاملات چلائیں۔ اللہ تعالیٰ نے تقویٰ کی تلقین فریقین، تحریر لکھنے والوں اور گواہوں سب کو، کی ہے۔

لغویات سے پرہیز

خطبہ جمعہ	20/اگست	2004ء
مطبوعہ الفضل	12/اکتوبر	2004ء

لغویات سے پرہیز کرنا مومن کی عادت ہے۔ ایسی حرکتیں جو برائیوں کی طرف لے جاتی ہیں اور خدا سے دور کرتی ہیں۔ لغو مجالس سے اجتناب کرنا، جھوٹ، وعدہ خلافی، سگریٹ نوشی و حقہ اور انٹرنیٹ کا غلط استعمال یہ سب لغویات میں داخل ہیں۔

یہ خطبہ حضور نے من ہائیم جرمنی میں ارشاد فرمایا۔ جلسہ سالانہ جرمنی کے آغاز کے حوالے سے احباب کو روحانی معیار بلند کرنے اور انتظامیہ جلسہ سے تعاون کی ہدایات فرمائیں۔

نظام جماعت کی اطاعت اور اس کی برکات

خطبہ جمعہ	27/اگست	2004ء
مطبوعہ الفضل	23 نومبر	2004ء

کسی جماعت کی ترقی کا معیار اور ترقی کی رفتار اس کے معیار اطاعت پر موقوف ہے۔ ہمارا فرض ہے کہ اطاعت کے معیار بلند کریں۔ برکت ہمیشہ نظام جماعت کی اطاعت اور اس کے ساتھ وابستہ رہنے میں ہے۔ حضور انور نے عہدے داروں کو بھی ذمہ داریوں کی ادائیگی میں احتیاط کی طرف توجہ دلائی۔ کارکنان جلسہ جرمنی کا شکریہ ادا کیا فرمایا کہ 30 ممالک کے 28 ہزار احمدیوں نے جلسہ جرمنی میں شرکت فرمائی۔

آداب ملاقات اور سلام کہنے کا رواج

خطبہ جمعہ	3 ستمبر	2004ء
مطبوعہ الفضل	30 نومبر	2004ء

معاشرے میں ملنے جلنے کے آداب کے بارہ میں بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ سلام کہنے کو رواج دیں۔ سلامتی کی دعا سے محبت اور پیار کی فضا پیدا ہوگی۔ اہل قادیان وربوہ کو خاص طور پر مخاطب کرتے ہوئے حضور نے سلام کہنے کے رواج کو جاری کرنے کی تحریک فرمائی۔ فرمایا بچوں خصوصاً واقفین نو بچوں کو اس کی عادت ڈالنی چاہئے کہ گھر آتے جاتے سلام کہا کریں۔ اس شعار کو اتنا رواج دیں کہ یہ ہر احمدی کی پہچان بن جائے۔

مسابقت فی الخیرات

خطبہ جمعہ	10 ستمبر	2004ء
مطبوعہ الفضل	23 فروری	2005ء

حضور انور نے بیلجیئم میں جلسہ سالانہ کے موقع پر یہ خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا اور احباب کو نیکیوں میں مسابقت لے جانے کی تلقین فرمائی۔ جن نیکیوں میں آگے بڑھنے کی توقع احمدیوں سے کی جاتی ہے وہ حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی ہے۔ ہمارا ہر قول فعل، اٹھنا، بیٹھنا اللہ کی رضا کی خاطر ہونا چاہئے۔

لڑائی جھگڑے سے اجتناب

خطبہ جمعہ	17 ستمبر	2004ء
الفضل	یکم مارچ	2005ء

اللہ کا تقویٰ اختیار کرتے ہوئے آپس کے جھگڑوں کو ختم کر دینا چاہئے۔ معاشرے میں صلح اور اصلاح کی کوشش کرنی چاہئے۔ فریقین میں صلح کروانی ہے۔ زیادتی کرنے والے اور سزا یافتہ کے حمایتی نہ بنیں بلکہ معاشرے کا کام ہے کہ اس کی سزا پر عمل کروانے میں تعاون کرے۔ صلح کی صورت میں سابقہ تعزیر کو بھولتے ہوئے سزا یافتہ کو معاشرے میں پہلے والا مقام دیں اور انا کا مسئلہ نہ بنائیں۔

قرآن کریم کی تلاوت، ترجمہ اور تدبر کرنے کی تلقین

خطبہ جمعہ	24 ستمبر	2004ء
مطبوعہ الفضل	7 دسمبر	2004ء

قرآن کریم کی تلاوت، ترجمہ سیکھنے، اس پر غور و تدبر کرنے کی تلقین کرتے ہوئے فرمایا کہ خود بھی قرآن پڑھیں اور بچوں کو عادت ڈالیں۔ ہر گھر سے تلاوت کی آواز آنی چاہئے۔ پھر ترجمہ پڑھیں۔ ذیلی تنظیمیں کوشش کریں خصوصاً انصار اللہ اس بات کی نگرانی کرے کہ ہر گھر میں قرآن پڑھنے اور سمجھنے کی کلاس ہو۔

بیت البرکات برمنگھم کا افتتاح اور نمازوں کی ادائیگی کا مضمون

خطبہ جمعہ	یکم اکتوبر	2004ء

مطبوعہ الفضل	14 دسمبر	2004ء

بیت البرکات برمنگھم میں خطبہ ارشاد فرمایا اور اس بیت کا افتتاح کرتے ہوئے بیت الذکر اور جماعت برمنگھم کی مختصر تاریخ بیان فرمائی اور پھر بیوت الذکر کی آبادی پر خطبہ ارشاد فرمایا۔ تمام احمدی اور عہدیداران نیکیوں کو گھروں سے رائج کرنے کی کوشش کریں اور پاک نمونے دکھائیں۔ اور عبادالرحمان بن کر نمازوں کی ادائیگی سے بیوت الذکر آباد کریں۔

دعوت الی اللہ کی اہمیت اور فرضیت

خطبہ جمعہ	8/اکتوبر	2004ء
مطبوعہ الفضل	21 دسمبر	2004ء

بیت الرحمان گلاسگو سکاٹ لینڈ میں خطبہ دیتے ہوئے حضور انور نے دعوت الی اللہ کی اہمیت اور فرضیت کا مضمون بیان فرمایا۔ فرمایا کہ یہ ایک احمدی کا بنیادی کام ہے اس کی طرف جتنی توجہ بھی دلائی جائے کم ہے۔ ہر احمدی محنت، ہمت اور تمام تر صلاحیتوں کے ساتھ دعا کرتے ہوئے دعوت الی اللہ کرے۔ MTA دعوت الی اللہ کا بہت بڑا ذریعہ ہے اس سے استفادہ کریں۔ داعیان پاک نمونے قائم کریں۔

رمضان کی فضیلت و برکات

خطبہ جمعہ	15/اکتوبر	2004ء
الفضل انٹرنیشنل	29/اکتوبر	2004ء

رمضان المبارک کے آغاز پر رمضان کی فضیلت و برکات کے بارہ میں خطبہ ارشاد فرمایا۔ تقویٰ کے معیار حاصل کرنے کے لئے رمضان ٹریننگ کورس ہے۔ کثرت سے عبادت کے علاوہ، تلاوت، ترجمہ و درس القرآن میں شامل ہوں۔ خطبہ کے آخر میں حضور انور نے ہارٹلے پول کی بیت الذکر کی تعمیر کا کام انصاراللہ یو۔کے کے سپرد فرمایا اور بریڈفورڈ کی بیت الذکر کے بارہ میں فرمایا کہ مقامی جماعت کام کرے تاہم ان کی مدد خدام الاحمدیہ اور لجنہ یو۔کے کرے۔ میری خواہش ہے کہ سال کے اندر یہ دونوں بیوت تعمیر ہو جائیں۔

دعا کی اہمیت و قبولیت

خطبہ جمعہ	22/اکتوبر	2004ء
مطبوعہ الفضل	30 دسمبر	2004ء

قبولیت دعا کے لئے اعمال صالحہ بجالانا، نیکیوں پر قائم رہنا اور نمازوں کی پابندی ضروری ہے۔ رمضان میں عبادت کا حق ادا کرتے ہوئے یہ عہد کریں کہ ہم ہمیشہ عبادتوں کو زندہ رکھیں گے۔ دوسروں کے پاس جا کر دعا کروانے کی بجائے خود دعا کریں۔ پیر پرست نہ بنیں بلکہ خود پیر بنیں۔ خطبہ کے آخر پر حضور انور نے ہارٹلے پول اور بریڈفورڈ کی بیوت الذکر کے لئے ذیلی تنظیموں کی طرف سے آنے والے گرانقدر مالی وعدہ کا تذکرہ فرمایا۔

رمضان کے آخری عشرہ کی عبادات

خطبہ جمعہ	29/اکتوبر	2004ء
الفضل انٹرنیشنل	12 نومبر	2004ء

رمضان المبارک کے آخری عشرہ کی عبادات، اعتکاف اور لیلۃ القدر کی برکات کا تذکرہ فرمایا۔ اعتکاف کے ضمن میں فرمایا کہ یہ نفلی عبادت ہے بعض لوگ خاص بیوت الذکر میں اعتکاف کی خواہش کرتے ہیں حالانکہ دعا کی قبولیت تو اللہ کے فضل سے کہیں بھی ہوسکتی ہے۔ آپ نے اعتکاف کے بارہ میں ہدایات بھی دیں۔ حضور نے لیلۃ القدر کی اہمیت اور فلاسفی بھی بیان فرمائی۔

تحریک جدید کے نئے سال کا اعلان اور دفتر پنجم کا اجراء

خطبہ جمعہ	5 نومبر	2004ء
مطبوعہ الفضل	4 جنوری	2005ء

تحریک جدید کا پس منظر اور ثمرات بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ احمدیت کی ترقی کے نظارے پہلے احمدیوں کی قربانیوں کا نتیجہ ہیں۔ حضور نے تحریک جدید کے ابتدائی قربانی کرنے والوں کے کھاتے جاری کرنے کے بارہ میں بھی ہدایات سے نوازا۔ حضور نے تحریک جدید کے پہلے چار دفاتر کا ذکر فرمایا اور اس کے دفتر پنجم کے اجراء کا اعلان فرمایا حضور نے تحریک جدید کے سال نو کے اعلان کے ساتھ گزشتہ سال کے کوائف بیان فرمائے۔

جمعہ کی فرضیت و برکات

خطبہ جمعہ	12 نومبر	2004ء
الفضل انٹرنیشنل	26 نومبر	2004ء

حضور انور نے جمعہ کی فرضیت، اہمیت، برکات اور افادیت پر روشنی ڈالی۔ جان بوجھ کر جمعہ چھوڑنے والے کے دل پر مہر لگ جاتی ہے۔ جمعہ عید کی طرح ہوتا ہے اس لئے ہر جمعہ کو ادا کرنا چاہئے۔ جماعت احمدیہ کا جمعہ کے دن سے خاص تعلق ہے اس لئے احمدیوں کو جمعہ کی حفاظت کی طرف خاص توجہ کی ضرورت ہے۔ جمعہ اللہ کے فضلوں کے دروازے کھولتا چلا جائے گا۔

لڑائی جھگڑوں سے اجتناب

خطبہ عیدالفطر	14 نومبر	2004ء
خلاصہ الفضل	20 نومبر	2004ء

عید کی حقیقی خوشیاں حاصل کرنے کے لئے اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کی جائے۔ اس کے سب حکموں پر عمل ہی حقیقی عید ہے۔ لڑائی جھگڑوں سے اجتناب کرتے ہوئے۔ عفو و درگزر کرنا ہے۔ رمضان کی ٹریننگ کو عملی زندگی کا حصہ بنائیں اور معاف کرنے اور صبر کی عادت ڈالیں۔ حضور نے آخر پر سب احباب کو عید مبارک کا تحفہ پیش فرمایا۔

عیوب کی پردہ پوشی

خطبہ جمعہ	19 نومبر	2004ء
الفضل انٹرنیشنل	3 دسمبر	2004ء

حضور انور نے دوسروں کے عیوب کی پردہ پوشی کرنے اور معاشرے میں بگاڑ پیدا کرنے والی باتوں سے بچنے کی تلقین فرمائی۔ ہر احمدی کا فرض ہے کہ وہ پردہ پوشی سے کام لے اور برائی کی تشہیر سے بچے۔ کسی کی غلطیاں تلاش کرنا لغو فعل ہے۔ دوسرے کی ستاری اور عزت نفس کا خیال رکھنا چاہئے۔

صدقہ و خیرات اور دعا

خطبہ جمعہ	26 نومبر	2004ء
الفضل انٹرنیشنل	10 دسمبر	2004ء

صدقہ و خیرات اور دعا کا گہرا تعلق ہے۔ دونوں کے ملانے سے اللہ تیزی سے اپنے فضل نازل کرتا ہے۔ صدقہ خدا کے غضب کو ٹھنڈا کرتا ہے۔ اللہ کے حضور جھکتے ہوئے صدقات دیں اور قرب الٰہی حاصل کرنے کی کوشش کریں۔ فرمایا بعض لوگ دوسروں سے دعا کرواتے ہیں اور اپنی خواہش پوری نہ ہونے پر شکوہ کرتے ہیں۔ فرمایا خود دعا کریں۔ احکامات پر عمل کریں اور صدقات کریں۔ خطبہ کے آخر پر حضور انور نے محترمہ مجیدہ شاہنواز صاحبہ کا ذکر خیر فرمایا۔

عبادت کی غرض و غایت

خطبہ جمعہ	3 دسمبر	2004ء
الفضل انٹرنیشنل	17 دسمبر	2004ء

انسانی پیدائش کا مقصد اللہ تعالیٰ کی عبادت ہے۔ بعض لوگ دہریانہ نظریات سے متاثر ہو کر اعتراض کر جاتے ہیں کہ اللہ کو عبادت کروانے کی کیا ضرورت ہے۔ ذیلی تنظیموں کی ذمہ داری ہے کہ وہ ماحول کا جائزہ لیں اور اس قسم کے نظریات پروان نہ چڑھیں۔ فرمایا عبادت کرنے میں انسان کا ہی فائدہ ہے۔ اللہ تو غنی ہے۔ عبادت کرنے والوں کی اللہ مدد کرتا اور انعامات نازل کرتا ہے۔

آنحضرتؐ سے محبت اور آپؐ کی پیروی

خطبہ جمعہ	10 دسمبر	2004ء
الفضل انٹرنیشنل	24 دسمبر	2004ء

ہر احمدی آنحضرت ﷺ سے عشق کرے اور آپؐ پر درود بھیجے اور اللہ سے پیار کرتے ہوئے آنحضرتؐ کی پیروی کی کوشش کرے۔ آپؐ پر درود بھیجنا بھی انسان کے لئے آپؐ کی پیروی کے راستے کھولتا ہے۔ حضرت مسیح موعود کو آنحضرتؐ سے عشق تھا۔ حضور نے اس عشق کے بعض واقعات بھی بیان فرمائے اور احمدیوں کو آنحضرتؐ سے محبت اور پیروی کی تلقین فرمائی۔

کمزور اور بے سہاروں سے حسن سلوک

خطبہ جمعہ	17 دسمبر	2004ء
الفضل انٹرنیشنل	31 دسمبر	2004ء

کمزوروں اور بے سہاروں کے ساتھ حسن سلوک اور ان کی مدد کرنے کے بارہ میں احمدیوں کو تلقین فرمائی کہ ان کو تلاش کریں اپنے ماحول میں پھر ان سے حسن سلوک کریں۔ حضور نے مسکینوں، کمزوروں اور بے سہارا لوگوں کے ساتھ آنحضرتؐ کے حسن سلوک کے نمونے بیان فرمائے اور ان کے بارہ میں آپؐ کی تعلیمات کا ذکر فرمایا۔

رشتہ ناطہ کے مسائل اور نصائح

خطبہ جمعہ	24 دسمبر	2004ء
الفضل انٹرنیشنل	7 جنوری	2005ء

رشتے طے کرتے وقت دین کو ترجیح دیں۔ یتیموں، بیواؤں اور شادی کے قابل افراد کے رشتے کروانا معاشرے کی ذمہ داری ہے۔ بیوگان کے رشتہ کی کوشش کریں تاہم رشتہ کرنا یا نہ کرنا بیوہ کا حق ہے۔ شادی کے قابل لوگوں کی شادی کروانا یہ پورے معاشرے کی ذمہ داری ہے اور رشتوں کے معاملہ میں تقویٰ پر قائم رہتے ہوئے رشتے کریں۔

عہدیداران اور واقفین زندگی کے فرائض

خطبہ جمعہ	31 دسمبر	2004ء
الفضل انٹرنیشنل	14 جنوری	2005ء

عہدیداران، واقفین زندگی اور احباب جماعت کو ان کی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلائی کہ عہدیدار انصاف کے تقاضے پورے کرتے ہوئے اپنے فرائض ادا کریں۔ عہدہ کسی کا حق نہیں نہ اس کی خواہش کرنی چاہئے تاہم جب عہدہ کی ذمہ داری پڑ جائے تو قومی امانت سمجھتے ہوئے اس کا حق ادا کریں۔ جماعتی و ذیلی تنظیموں کے عہدیدار لوگوں سے پیار اور محبت کا سلوک کریں۔

حضور انور نے مربیان اور واقفین کے مقام کو بیان کرتے ہوئے احباب جماعت کو نصیحت فرمائی کہ مربیان کو عزت کا مقام دیں اور ان کا ادب و احترام پیدا کریں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کے دیگر خطابات
مطبوعہ الفضل 2004ء

خطاب	مطبوعہ الفضل	عنوان
28دسمبر 2003ء	2 جنوری 2004	جلسہ سالانہ قادیان 2003ء کے موقع پر اختتامی خطاب کا خلاصہ
5دسمبر 2003ء	3 جنوری 2004ء	سیکرٹریان تعلیم کو ہدایات
	12 فروری 2004ء	انصار اللہ جرمنی کے نام پیغام
19/اکتوبر 2003ء	8مارچ 2004ء	سالانہ اجتماع لجنہ اماء اللہ یو۔کے سے خطاب
29نومبر 2003ء	17مارچ 2004ء	مجلس شوریٰ خدام الاحمدیہ یو۔کے سے خطاب
31دسمبر 2003ء	20مارچ 2004ء	تربیتی کلاس برطانیہ سے خطاب
مارچ 2004ء	5/اپریل 2004ء	مجلس شوریٰ پاکستان کے موقع پر پیغام
19 مئی 2004ء	22 مئی 2004ء	اجتماع خدام الاحمدیہ جرمنی سے افتتاحی خطاب کا خلاصہ
6جون 2004ء	10 جون 2004ء	جلسہ سالانہ ہالینڈ پر اختتامی خطاب کا خلاصہ
5جون 2004ء	11 جون 2004ء	جلسہ سالانہ ہالینڈ مستورات سے خطاب کا خلاصہ
9مئی 2004ء	30 جون 2004ء	احمدی انجینئرز و آرکیٹیکٹس سے خطاب
3جولائی 2004ء	9 جولائی 2004ء	جلسہ سالانہ کینیڈا مستورات سے خطاب کا خلاصہ
4جولائی 2004ء	12 جولائی 2004ء	جلسہ سالانہ کینیڈا سے اختتامی خطاب کا خلاصہ
30جولائی 2004ء	5/اگست 2004ء	جلسہ سالانہ برطانیہ افتتاحی خطاب کا خلاصہ
31جولائی 2004ء	6/اگست 2004ء	جلسہ سالانہ برطانیہ دوسرے دن کے خطاب کا خلاصہ
31جولائی 2004ء	7/اگست 2004ء	جلسہ سالانہ برطانیہ مستورات سے خطاب کا خلاصہ
یکم اگست 2004ء	9/اگست 2004ء	جلسہ سالانہ برطانیہ اختتامی خطاب کا خلاصہ
21/اگست 2004ء	25/اگست 2004ء	جلسہ سالانہ جرمنی مستورات سے خطاب کا خلاصہ
22/اگست 2004ء	27/اگست 2004ء	جلسہ سالانہ جرمنی سے اختتامی خطاب کا خلاصہ
25/اگست 2004ء	یکم ستمبر 2004ء	بیت الحبیب کیل جرمنی کے افتتاح کے موقع پر خطاب
اپریل 2004ء	4 ستمبر 2004ء	جلسہ سالانہ برازیل کے لئے پیغام
4 ستمبر 2004ء	11 ستمبر 2004ء	جلسہ سالانہ سوئٹزرلینڈ مستورات سے خطاب کا خلاصہ
5 ستمبر 2004ء	13 ستمبر 2004ء	جلسہ سالانہ سوئٹزرلینڈ سے اختتامی خطاب کا خلاصہ
31جولائی 2004ء	20,18,17 ستمبر 2004ء	جلسہ سالانہ برطانیہ مستورات سے خطاب
23/اگست 2004ء	10 نومبر 2004ء	جامعہ احمدیہ کینیڈا کے بارہ میں تاثرات

میں اور میرے نبی ہمیشہ غالب رہیں گے

خدا کے نور سے گوندھا گیا ہے
کہ پتلا ہے بظاہر خاک کا یہ
" نبی میرے سدا غالب رہیں گے "
نوشتہ ہے خدائے پاک کا یہ

ارشاد عرشی ملک

حضور انور کی سیکرٹریان تعلیم کو پر معارف نصائح

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 5 دسمبر 2003ء میں سیکرٹریان تعلیم کو نہایت اہم اور قیمتی نصائح ارشاد فرمائیں۔ یہ ہدایات سیکرٹریان تعلیم کی خصوصی توجہ کے لئے شائع کی جارہی ہیں۔

پھر سیکرٹری تعلیم ہے۔ عموماً سیکرٹریان تعلیم جماعتوں میں اتنے فعال نہیں جتنے ان سے توقع کی جاتی ہے یا کسی عہدیدار سے توقع کی جا سکتی ہے۔ اور یہ میں یونہی اندازے کی بات نہیں کر رہا، ہر جماعت اپنا اپنا جائزہ لے لے تو پتہ چل جائے گا کہ بعض سیکرٹریان پورے سال میں کوئی کام نہیں کرتے۔ حالانکہ مثلاً سیکرٹری تعلیم کی مثال دے رہا ہوں، سیکرٹری تعلیم کا یہ کام ہے کہ اپنی جماعت کے ایسے بچوں کی فہرست بنائے جو پڑھ رہے ہیں، جو سکول جانے کی عمر کے ہیں اور سکول نہیں جا رہے۔ پھر وجہ معلوم کریں کہ کیا وجہ ہے وہ سکول نہیں جا رہے۔ مالی مشکلات ہیں یا صرف نکما پن ہی ہے۔ اور ایک احمدی بچے کو تو توجہ دلانی چاہئے کہ اس طرح وقت ضائع نہیں کرنا چاہئے۔ مثلاً پاکستان میں ہر بچہ کے لئے خلیفۃ المسیح الثالث نے یہ شرط لگائی تھی کہ ضرور میٹرک پاس کرے۔ بلکہ اب تو معیار کچھ بلند ہو گئے ہیں اور میں کہوں گا کہ ہر احمدی بچے کو ایف۔ اے ضرور کرنا چاہئے۔

افریقہ میں جو کم از کم معیار ہے پڑھائی کا۔ سیکنڈری سکول کا یا جی سی ایس سی، یہاں بھی ہے، وہاں بھی۔ اسی طرح ہندوستان اور بنگلہ دیش اور دوسرے ملکوں میں، یہاں بھی میں نے دیکھا ہے کہ یورپ کے اور امریکہ کے بعض لڑکے ملتے ہیں وہ پڑھائی چھوڑ بیٹھے ہیں۔ تو یہ کم از کم معیار ضرور حاصل کرنا چاہئے۔ بلکہ جہاں تک تعلیمی سہولتیں ہیں بچوں کو اور بھی آگے پڑھنا چاہئے۔ اور سیکرٹریان تعلیم کو اپنی جماعت کے بچوں کو اس طرف توجہ دلاتے رہنا چاہئے۔ اگر تو یہ بچے جس طرح میں نے پہلے کہا، کسی مالی مشکل کی وجہ سے انہوں نے پڑھائی چھوڑی ہوئی ہے تو جماعت کو بتائیں۔ جماعت (۔) حتی الوسع ان کا انتظام کرے گی۔ اور پھر یہ بھی ہوتا ہے بعض دفعہ کہ بعض بچوں کو عام روایتی پڑھائی میں دلچسپی نہیں ہوتی۔ اگر اس میں دلچسپی نہیں ہے تو پھر کسی ہنر کے سیکھنے کی طرف بچوں کو توجہ دلائیں۔ وقت بہرحال کسی احمدی بچے کا ضائع نہیں ہونا چاہئے۔ پھر ایسی فہرستیں ہیں جو ان پڑھے لکھوں کی تیار کی جائیں جو آگے پڑھنا چاہتے ہیں۔ ہائر سٹڈیز کرنا چاہتے ہیں لیکن مالی مشکلات کی وجہ سے نہیں پڑھ سکتے تو جس حد تک ہو گا جماعت ایسے لوگوں کی مدد کرے گی۔ بہرحال سیکرٹریان تعلیم کو خود بھی اس سلسلے میں Active ہونا پڑے گا اور ہونا چاہئے۔ تو یہ چند مثالیں ہیں۔ جو ذمہ داری ہے سیکرٹری تعلیم کی، اور بھی بہت سارے کام ہیں اس بارہ میں چند مثالیں میں نے دی ہیں۔ اگر محلے کے لیول سے لے کر نیشنل لیول تک سیکرٹریان تعلیم مؤثر ہو جائیں اور کام کرنے والے ہوں تو یہ تمام باتیں جو میں نے بتائی ہیں اور ان کے علاوہ بھی اور بہت ساری باتیں ہیں ان سب کا علم ہو سکتا ہے۔ فہرست تیار ہو سکتی ہے اور پھر ایسے طلباء کو مدد کر کے پھر آگے پڑھایا بھی جا سکتا ہے۔

(الفضل 22 مارچ 2004ء)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہوتو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ)

مسل نمبر **41899** میں محمد شمعون ولد میاں محمد شریف قوم بھٹی پیشہ دوکانداری عمر...... سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن شوکت آباد کالونی ضلع شیخوپورہ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکرہ آج بتاریخ 04-8-1 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پرمیری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔ مکان 2 عدد مالیتی -/300000 روپے۔2۔ زرعی اراضی 2 ایکڑ ایک کنال مالیتی -/270000 روپے۔اس وقت مجھے مبلغ -/15000 روپے ماہوار بصورت زمین + دوکان مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد محمد شمعون گواہ شد نمبر 1 محمد اشرف شوکت آباد کالونی گواہ شد نمبر 2 محمد حنیف شوکت آباد کالونی

مسل نمبر **41900** میں عبدالحی خان ولد محمد مسعود خان قوم بلوچ مندرانی پیشہ پینشنر عمر 71 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن تونسہ شریف ضلع ڈیرہ غازی خان بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکرہ آج بتاریخ 04-9-20 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پرمیری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔سکنی کمرہ بمعہ پلاٹ 10 مرلہ مالیتی -/25000 روپے۔ 2۔ زرعی اراضی موضع مندرانی برقبہ 4 کنال 4 مرلہ مالیتی -/15750 روپے۔ 3۔ زرعی اراضی موضع نہلانی برقبہ 1 کنال 10 مرلہ مالیتی -/5850 روپے۔ 4۔ زرعی اراضی موضع پوکھاں بارانی 3 کنال مالیتی -/7500 روپے۔ 5۔ زرعی اراضی موضع نند گوٹھ 3 کنال 1 مرلہ مالیتی -/15250 روپے۔ 6۔ زرعی اراضی موضع پلو نہال شمالی 2 کنال دریابرد -/3500 روپے۔ 7۔ مکان 2 کمرے برقبہ 5 مرلہ مالیتی -/146000 روپے۔ 8۔ پینشن گریجویٹی کی رقم -/208000 روپے۔ 9۔ نقدم جمع بینک -/2000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2735 روپے ماہوار بصورت پینشن مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد عبدالحی خان گواہ شد نمبر 1 جمیل احمد خان ولد محمد مسعود خان تونسہ شریف گواہ شد نمبر 2 محمود احمد ایاز ولد نور محمد بزدار

